# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

4

Date: 25 December-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۵/دسمبر ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ ملک کے اوّلین ندی جوڑنے کے منصوبے کا وزیرِاعظم نریندر مودی آج سنگ بنیاد رکھیں گے۔

☆ سبز توانائی کے ذریعے ریاست کے کسان دوسرا سبز انقلاب برپا کریں گے، وزیرِاعلیٰ شمسی توانائی چینل منصوبے کی افتتاحی تقریب میں وزیرِاعلیٰ کا اظہارِ خیال۔

☆ مراٹھواڑہ کی ترقی سے متعلق فیصلوں پر عمل درآمد نہ کرنے پر حزبِ اختلاف کے قائد امباداس دانوے کی حکومت پر تنقید۔

☆ عیسیٰ مسیح کے یوم پیدائش کرسمس کے موقع پر ہر طرف جوش وخروش کا ماحول۔

اور۔۔۔☆ ویسٹ انڈیز کو 115 رنز سے شکست دیکر بھارتی خواتین کرکٹ ٹیم کی سیریز میں دو۔صفر کی ناقابلِ شکست برتری۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

ملک کے پہلے ندیوں کو جوڑنے کے منصوبے کا وزیرِاعظم نریندر مودی آج سنگ بنیاد رکھ رہے ہیں۔ مدھیہ پردیش کے کھجوراہو میں منعقد ہونے والی ایک تقریب میں وزیرِاعظم کین بیتوا ندی جوڑ منصوبے سمیت مختلف ترقیاتی کاموں کا سنگِ بنیاد رکھیں گے۔ سابق وزیرِاعظم بھارت رتن اٹل بہاری واجپیئی کی یومِ پیدائش کا صد سالہ سال آج سے شروع ہورہا ہے۔ اس موقع پر وزیرِاعظم آج ملک بھر میں ایک ہزار 153 اٹل گرام گڈ گورننس عمارتوں کا سنگ بنیاد بھی رکھیں گے۔ اسی طرح وزیرِاعظم کے ہاتھوں ایک ڈاک ٹکٹ اور خصوصی سکے کی رونمائی بھی کی جائے گی۔

***** ***** *****

سبز توانائی کے ذریعے ریاست کے کاشتکاروں کی جانب سے دوسرا سبز انقلاب برپا کرنے کا یقین وزیرِاعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے ظاہر کیا ہے۔ واشم ضلعے کے اُمبرڈا بازار اور دھاراشیو ضلعے کے نارنگ واڑی میں کل وزیرِاعلیٰ ٹیلی کانفرنسنگ کے ذریعے دوسرے مرحلے کے وزیرِاعلیٰ شمسی توانائی چینل منصوبے کے تحت کاموں کے افتتاح کے موقعے پر مخاطب تھے۔ وزیرِاعلیٰ پھڑنویس نے شمسی توانائی چینل منصوبے ذریعے کسانوں کو دن میں بھی مفت بجلی فراہم ہونے کی یقین دہانی بھی کروائی۔

***** ***** *****

وزیرِاعلیٰ لاڈلی بہن اسکیم کے تحت ماہِ دسمبر کی قسط کی تقسیم کا کل سے آغاز ہوگیا۔ خواتین و بہبودیِ اطفال محکمے کی وزیر آدیتی تٹکرے نے بذریعۂ ٹوئٹ یہ اطلاع دی۔ انھوں نے بتایا کہ آئندہ چار تا پانچ دِنوں میں تمام مستفیدین کے بینک کھاتوں میں یہ رقم جمع ہوجائیگی۔

***** ***** *****

قانون ساز کونسل میں حزبِ اختلاف کے قائد امباداس دانوے نے تنقید کی ہے کہ چھترپتی سمبھا جی نگر میں ریاستی کابینہ کا ایک اجلاس منعقد کر کے مراٹھواڑہ کی ترقی کیلئے مختلف فیصلے لیے گئے تھے، لیکن ان فیصلوں پر اب تک عمل درآمد نہیں ہوا ہے۔ وہ کل چھترپتی سمبھا جی نگر میں ایک صحافتی کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ دانوے نے بتایا کہ حال ہی میں ختم ہوئے اسمبلی کے سرمائی اجلاس میں یہ موضوع اٹھایا گیا تھا۔ دانوے نے مزید کہا کہ ریاست میں نئی حکومت برسرِ اقتدار آنے کے باوجود سابقہ حکومت اور موجودہ حکومت میں کوئی فرق نہیں ہے۔

***** ***** *****

عدالتِ عظمیٰ کے سبکدوش جسٹس وی۔ راما سبرامنیم قومی انسانی حقوق کمیشن کے چیئرمین مقرر کیے گئے ہیں۔ صدرِ جمہوریہ دروپدی مُرمو نے کل اس تقرری پر مہر ثبت کی۔ مختلف ریاستوں کے گورنروں کا بھی گزشتہ روز تقرر کیا گیا۔ سابق مرکزی وزیر وی کے سنگھ کو میزورم کا گورنر بنایا گیا ہے۔

***** ***** *****

قومی گاہک دن کل منایا گیا۔ اس مناسبت سے اُمورِ صارفین کے محکمے کی جانب سے ''جاگو گاہک جاگو'' ایپ، ''جاگرتی'' ایپ اور جاگرتی ڈیش بورڈ کا آغاز کیا گیا۔ مرکزی وزیر پرہلاد جوشی نے ایپ اور ڈیش بورڈ کی نقاب کشائی کی۔ آن لائن لین دین میں کوئی بھی لنک غیر محفوظ ہونے کی صورت میں ''جاگو گاہک جاگو'' ایپ صارفین کو خبردار کرتا ہے۔ جبکہ صارفین کو غیر قانونی لنکس سے متعلق شکایت درج کروانے اور قومی تحفظِ صارف ادارہ کے پاس شکایت کا اندراج کیے جانے کیلئے جاگرتی ایپ سے مدد فراہم ہونے کی وضاحت متعلقہ خبر میں کی گئی ہے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھا جی نگر ضلعے کی تحفظِ صارف کمیشن کی صدر شلپا ڈولارکر نے صارفین سے اپیل کی ہے کہ وہ سامان کی خریداری یا خدمات کے حصول کے دوران محتاط رہیں اور خریداری کی رسید ضرور حاصل کریں۔ انھوں نے خریداری سے متعلق تمام کاغذات وثبوت جمع کرنے اور کسی بھی جعلسازی یا دھوکہ بازی ہونے کی صورت میں گاہک شکایت مرکز سے رجوع ہونے کی بھی اپیل کی۔

***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔

***** ***** *****

عیسائی مذہب کے پیروکار آج عیسیٰ مسیح کا یوم پیدائش منا رہے ہیں۔ اس مناسبت سے آج ہر طرف جوش وخروش کا ماحول ہے اور گرجا گھروں میں مختلف اجتماعات کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ چرچ وگرجا گھروں کے صحن میں عیسیٰ مسیح کی پیدائش کے مناظر اور جھانکیاں لگائی گئی ہیں اور چرچوں کو برقی قمقموں سے روشن کیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں مختلف تہذیبی وثقافتی اجتماعات میں مسیحی برادری کے لوگ جوش وخروش سے حصہ لے رہے ہیں۔

اہلیانگر شہر اور ضلعے میں رہائشی مکانات اور گرجا گھر برقی قمقموں سے روشن کیے گئے ہیں۔ سانتا کلاز اور کرسمس درخت سبھی کی توجہ کا مرکز بنے ہوئے ہیں۔

***** ***** *****

ممبئی کے اسپندن آرٹ سوسائٹی کے 19 ویں محمد رفیع یادگاری ایوارڈز کل ریاستی گورنر سی پی رادھا کرشنن کے ہاتھوں تقسیم کیے گئے۔ آنجہانی نغمہ نگار مجروح سلطان پوری کا بعد از مرگ معلنہ ایوارڈ ان کے فرزند عندلیب سلطان پوری نے قبول کیا۔ جبکہ گلوکار جاوید علی کو محمد رفیع ایوارڈ سے نوازا گیا۔ یہ دونوں ایوارڈز بالترتیب ایک لاکھ روپے اور 51 ہزار روپے سمیت مومنٹو پر مشتمل ہیں۔

***** ***** *****

بین الاقوامی کرکٹ کاؤنسل (ICC) نے چمپئن ٹرافی کے نظام الاوقات کا کل اعلان کردیا۔ 19 فروری تا 9 مارچ کے درمیان ہونے والے اس ٹورنامنٹ کے تمام مقابلے پاکستان کے کراچی' لاہور اور راولپنڈی سمیت دُبئی میں کھیلے جائیں گے۔ 19 فروری کو کراچی میں نیوزی لینڈ اور پاکستان کے مابین مقابلے سے چمپئن ٹرافی ٹورنامنٹ کی شروعات ہوگی' جبکہ بھارت کا پہلا مقابلہ 20 فروری کو بنگلہ دیش سے اور 23 فروری کو روایتی حریف پاکستان کے ساتھ ہوگا۔ بھارت کے تمام میچز دبئی میں منعقد ہوں گے۔

اسی طرح ٹورنامنٹ کا پہلا سیمی فائنل چار مارچ کو دبئی، جبکہ دوسرا سیمی فائنل پانچ مارچ کو لاہور میں ہوگا۔ جبکہ ٹورنامنٹ کا فائنل مقابلہ 9 مارچ کو لاہور میں ہوگا' تاہم اگر سیمی فائنل اور فائنل مقابلے میں بھارت کی رسائی ہوتی ہے تو یہ مقابلے دبئی میں کروائے جائیں گے۔ اس طرح کی وضاحت آئی سی سی کے صدر جئے شاہ نے کی ہے۔

***** ***** *****

خواتین کے کرکٹ میں بھارت نے کل ویسٹ انڈیز کو 115 رنوں سے شکست دے دی اور سیریز میں صفر دو کی ناقابلِ شکست برتری حاصل کرلی۔ کل وڈودرا میں کھیلے گئے مقابلے میں بھارت کی جانب سے دیئے گئے 349 رنوں کے ہدف کا پیچھا کرتے ہوئے ویسٹ انڈیز کی پوری ٹیم 47 ویں اوور میں 243 رنوں پر آؤٹ ہوگئی۔ اس سیریز کا تیسرا اور آخری مقابلہ پرسوں کھیلا جائے گا۔

***** ***** *****

راجستھان میں پانی کی تحریک کے ایک سینئر کارکن راجندر سنگھ رانا نے کہا ہے کہ کسانوں کی زندگی صحیح معنوں میں تب ہی خوشحال ہوتی ہے جب مٹی اور پانی کی ترقی ہوگی۔ کل امبا جوگائی میں ڈاکٹر دوارکا داس لوہیا عوامی شرکت ایوارڈ کی تقسیم کے موقع پر خطاب کر رہے تھے۔

***** ***** *****

مرکزی حکومت کی آیوش وزارت کی جانب سے ملک بھر میں ''ملک کا فطری معائنہ مہم'' روبہ عمل لائی جارہی ہے۔ اس مہم کے پہلے مرحلے میں کل ہنگولی ضلع کلکٹر دفتر میں ضلع کلکٹر ابھینو گوئل سمیت 495 افراد کی طبّی جانچ کی گئی۔

***** ***** *****

ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر کے متعلق وَزیر داخلہ امت شاہ کے متنازعہ بیان کے خلاف کانگریس پارٹی کی جانب سے کل چھترپتی سمبھاجی نگر، ناندیڑ، لاتور سمیت کئی مقامات پر احتجاج کیا گیا۔ اس موقع پر بیڑ معاملے کے مجرمین کے خلاف سخت کارروائی کیے جانے کا مطالبہ بھی کیا گیا۔

***** ***** *****

ناسک ضلع کے ترمبکیشور تعلقے میں کل زلزلے کی طرز کے جھٹکے محسوس کیے گئے۔ ہرسول علاقہ سمیت پیٹھ تعلقہ کے کئی گاؤں میں کل رات ساڑھے آٹھ تا ساڑھے نو بجے کے آس پاس زیرِ زمین آواز کے ساتھ دو جھٹکے محسوس کئے جانے کی اطلاع ہمارے نامہ نگار نے دی ہے۔

***** ***** *****

ریاست کے چھترپتی سمبھاجی نگر سمیت کئی اضلاع میں کل سے تین دنوں تک بجلی کی کڑکڑاہٹ سمیت بارش کا امکان محکمہ موسمیات نے ظاہر کیا ہے۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ ملک کے اوّلین ندی جوڑنے کے منصوبے کا وزیر اعظم نریندر مودی آج سنگ بنیاد رکھیں گے۔

☆ سبز توانائی کے ذریعے ریاست کے کسان دوسرا سبز انقلاب برپا کریں گے، وزیر اعلیٰ شمسی توانائی چینل منصوبے کی افتتاحی تقریب میں وزیرِ اعلیٰ کا اظہارِ خیال۔

☆ مراٹھواڑہ کی ترقی سے متعلق فیصلوں پر عمل در آمد نہ کرنے پر حزبِ اختلاف کے قائد امبا داس دانوے کی حکومت پر تنقید۔

☆ عیسیٰ مسیح کے یوم پیدائش کرسمس کے موقع پر ہر طرف جوش و خروش کا ماحول۔

اور۔۔۔☆ ویسٹ انڈیز کو 115 رنز سے شکست دیکر بھارتی خواتین کرکٹ ٹیم کی سیریز میں دو۔صفر کی ناقابلِ شکست برتری۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****